
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

5 منٹ
- کتاب شروع کرنے سے پہلے بچوں سے جسمانی صفائی اور جہاں رہتے ہیں اس جگہ کی صفائی کے متعلق بات چیت کیجئے۔ ان کو یہ بھی بتائیں کہ جس گھر میں ہم رہتے ہیں وہ تو اپنا ہوتا ہی ہے۔ ارد گرد کے کے علاقے کو بھی اپنا گھر سمجھ کر صاف رکھنا چاہئے۔ ارد گرد میں پھیلنے والی گندگی نہ صرف دیکھنے میں بری لگتی ہے بلکہ اس سے بیماریاں پھیلنے کا بھی ڈر ہوتا ہے۔

10 منٹ
- کتاب میں سے مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر پڑھائی کروائیں۔ مثلاً: چھٹی، پھینکا، اٹ گئے، غصہ، پہنچے پہنچ وغیرہ۔

10 منٹ
- کہانی پڑھ کر سنایئے۔

- کلاس میں باری باری کچھ بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ خیال رہے کہ بچے پڑھتے وقت الفاظ کے اتار چڑھاؤ کا خیال رکھیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں وہ کون سے کھیل ہیں جو وہ گھر کے اندر یا باہر کھیلتے ہیں۔ بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک طرف گھر کے اندر کھیلنے والے کھیل اور دوسری طرف باہر محلے میں کھیلنے والے کھیلوں کے نام بچوں سے پوچھ کر لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے پسندیدہ کھیل کو کھیلنے کا طریقہ لکھ کر لائیں۔ یہ بھی لکھیں کہ یہ کھیل کیوں پسند ہے۔

# سیشن 2

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اگر کبھی ایسی صورت حال ان کے ساتھ پیش آئے کہ کوڑا ان پر گر جائے یا گزرتی ہوئی سواری ان پر کیچڑ اچھالتی ہوئی گزر جائے تو وہ کیا کریں گے۔ جواب کہانی کی صورت میں کوپی میں لکھوائیں۔

10 منٹ

- بچوں سے گفتگو کریں کہ وہ کوڑا کہاں پھینکتے ہیں۔ کوڑے میں کیا کیا چیزیں شامل ہوتی ہیں۔

- اگر کلاس میں کہیں کوڑا نظر آ رہا ہے تو صاف کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ آئندہ بغیر ٹیچر کے کہے ہوئے اپنی اپنی کرسی ڈیسک کے پاس سے کوڑا اٹھا کر کوڑے دان میں ڈال دیا کریں۔

15 منٹ

- اچھی صحت رکھنے کے لئے بنیادی اصولوں پر بات چیت کریں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی میں لکھتے جائیں۔ ہر بچے کو گفتگو کا موقع دیں۔

  - ہر روز نہانا
  - ہر کھانے کے بعد دانتوں کی صفائی
  - صبح کو ہلکی ورزش
  - کھانا صحیح وقت پر کھانا
  - کھا کر فوراً پڑھنے بیٹھنا یا سو جانا صحت کے لئے اچھا نہیں ہوتا
  - رات کو جلدی سونا اور صبح جلدی اٹھنا
  - اپنے گھر کو مکھیوں اور مچھروں سے بچائیے
  - بازار کی کھلی ہوئی چیزیں نہیں کھانا چاہئیں

## گھر کا کام

5 منٹ

- آپ کے گھر کا کوڑا کہاں پھینکا جاتا ہے۔ معلوم کر کے آئیں۔
- آپ کے گھر کے قریب یا گلی میں کتنے گٹر کھلے ہیں۔ معلوم کر کے آئیں۔
- آپ کے گھر کے باہر صفائی کا کیا انتظام ہے۔ اس بارے میں کم از کم پانچ جملے لکھ کر لائیں۔

# سیشن 3

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کسی ایسی جگہ کی تصویر بنائیں جہاں ان کو رہنا اچھا لگے گا۔ اس جگہ پر اپنا گھر بنائیں۔ اس کے بارے میں 3 سے 4 جملے لکھیں۔

10 منٹ

- ٹیچر بورڈ پر سوالات لکھیں بچے ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔

- کیا کسی اور کا پھینکا ہوا کوڑا اٹھا کر آپ کوڑے دان میں پھینکتے ہیں؟
- کیا صفائی کرنا صرف جمعدار کا کام ہے؟
- کیا آپ روز نہاتے ہیں؟
- کیا کھانا شروع کرنے سے پہلے اور بعد میں آپ ہاتھ اور منہ کے اندر کی صفائی کرتے ہیں؟
- کیا آپ اپنا کمرہ صاف رکھتے ہیں؟

15 منٹ

- صحت اور صفائی سے متعلق بے ترتیب الفاظ کے ساتھ 5 سے 6 جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے صحیح ترتیب میں جملے بنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- بچے اپنے گھر کے کسی فرد کا انٹرویو کریں کہ وہ اپنی صحت کی حفاظت کے لئے کیا کرتے ہیں۔ کوپی میں انٹرویو لکھ کر لائیں۔ اگلے سیشن کے لئے کوڑے دان بنانے کے لئے خالی گتے کا ڈبہ لائیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے پرانے اخبار، رنگین یا سادے کاغذ، گلو اور قینچی کا بندوبست کر لیں۔

# سیشن 4

40 منٹ

- کوڑے دان بنانے کا کام کروائیں۔

- بچوں کے درمیان ضروری سامان تقسیم کریں۔

**نوٹ:** ضروری نہیں کہ بچے بڑے بڑے ڈبوں کا کوڑے دان بنائیں۔ وہ چھوٹا کوڑے دان بنا کر اپنی کرسی یا ڈیسک کے پاس بھی رکھ سکتے ہیں۔ بڑا کوڑے دان کلاس کے کسی کونے میں یا باہر مختلف جگہوں پر جہاں ضرورت ہو رکھا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ دوسری کلاسز یا اوفس کو تحفے میں بھی دیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی بچہ چاہتا ہے کہ وہ اپنا بنایا ہوا کوڑے دان اپنے گھر لے جائے تو وہ گھر بھی لے جا سکتا ہے۔ Activity کے دوران ٹیچر حسب ضرورت بچوں کی مدد کریں اور اگر ضرورت ہو تو کسی دوسری ٹیچر (آرٹ ٹیچر) کو اپنی مدد کے لئے بلا لیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- کتاب سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کوپی نکالیں اور املا لکھوائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ
- کہانی میں سے الفاظ چن کر بورڈ پر دو کولم بنا کر واحد جمع کر وائیے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| ٹانگ | ٹانگیں |
| خوشی | خوشیاں |
| کپڑا | کپڑے |
| چھلانگ | چھلانگیں |
| کھڑکی | کھڑکیاں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| چھٹی | چھٹیاں |
| گلی | گلیاں |
| تصویر | تصویریں |
| نالی | نالیاں |
| گیند | گیندیں |

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کسی بھی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔

# سیشن 6

45 منٹ

- بچے اپنے اسکول کے میدان / ورانڈے کی صفائی کریں۔ اس کے لئے پہلے سے اجازت لے لیں۔ جھاڑو، موپ اور بچوں کے بنائے ہوئے کوڑے دان استعمال کریں۔

# حسن کی گلی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi:  Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

not for sale